# کیا یتیم اور وِیڈو زکوۃ کے مستحق ہیں ؟

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللّٰہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متِین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا یتیم اوروِیڈو زکوۃ کے مستحق ہیں کہ ان کو زکوۃ دی جاسکتی ہے۔

سائلہ:زاہدہ (انگلینڈ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

اگر یتیم اور وِیڈو (Widow)شرعی فقیرہیں تو وہ زکوہ کے مستحق ہیں کیونکہ زکوۃ کے مستحق لوگ ہیں جو شرعی فقیر ہواورشرعی فقیر وہ شخص ہوتا ہے جس کے پاس قرض اور حاجتِ اصلیہ کے علاوہ نصاب کی مقدار مال یعنی ساڑھے باون تولے چاندی(612.15 گرام) یا اس کی قیمت موجود نہ ہو اور نہ ہی اس کے پاس حاجاتِ اصلیہ کے علاوہ کوئی ایسی چیزہو جس کی قیمت ساڑھے باون تولے چاندی کے برابرہو۔مثلاً رہنے والے گھر کے علاوہ کوئی ایکسٹرا گھریا کوئی ایسی جائدادجو حاجاتِ اصلیہ میں استعمال نہ ہوتی ہو۔

جیساکہ تنویر الابصار مع درمختار میں ہے: **"هُوَ فَقِيرٌ، وَهُوَ مَنْ لَهُ أَدْنَى شَيْءٍ أَيْ دُونَ نِصَابٍ أَوْ قَدْرُ نِصَابٍ غَيْرِ نَامٍ مُسْتَغْرِقٍ فِي الْحَاجَةِ"**

فقیروہ ہے جس کے پاس معمولی سامان ہو یعنی نصاب سے کم یا نصاب کی مقدارمال غیرنامی ہوجو اس کی حاجت میں مستغرق ہویعنی حاجاتِ اصلیہ کے لیے استعمال میں ہو۔

(تنویر الابصار مع درمختار ج 2 ص339 بیروت)

لوگ عموماً بیوہ (Widow)کو زکوۃ دینے کی طرف مائل ہوتے ہیں حالانکہ وہ چیک نہیں کرتے وہ فقیرہ شرعیہ ہے یانہیں کیونکہ بعض اوقات بیوہ کے پاس کچھ سونا رکھا ہوتا ہے اگر اس کے پاس حاجات ِ اصلیہ سے زائدصرف ایک تولہ سونا بھی ہوا تو اس بیوہ کو غنیہ کردے گا کیونکہ آج کل ایک تولہ سونا کی قیمت ساڑھے باون تولے چاندی سے زیادہ ہے لہذا ایسی صورت میں اس کو زکوۃ دینے سے زکوۃ ادا نہیں ہوگی کیونکہ یہ بیوہ (Widow)غنیہ ہے اورمستحقِ زکوۃ فقیر شرعی ہے۔

چنانچہ قرآن میں ارشادِ باری تعالی ہے:اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰکِیْنِ ۔ زکوٰۃ تو انہیں لوگوں کے لئے ہے جومحتاج( فقراء) اور مساکین( نرے نادار) ہیں(سورۃ التوبہ:60)

اور بہارشریعت میں ردالمحتار کے حوالے سے ہے: اورنصاب سے مرادیہاں یہ ہے کہ اُس کی قیمت دو سو ۲۰۰ درم ہو، اگرچہ وہ خود اتنی نہ ہو کہ اُس پر زکاۃ واجب ہو مثلاً چھ تولے سونا جب دو سو ۲۰۰ درم قیمت کا ہو تو جس کے پاس ہے اگرچہ اُس پر زکاۃ واجب نہیں کہ سونے کی نصاب ساڑھے سات تولے ہے مگر اس شخص کو زکاۃ نہیں دے سکتے یا اس کے پاس تیس بکریاں یا بیس گائیں ہوں جن کی قیمت دو

سو ۲۰۰ درم ہے اسے زکاۃ نہیں دے سکتا، اگرچہ اس پر زکاۃ واجب نہیں یا اُس کے پاس ضرورت کے سوا اسباب ہیں جو تجارت کے لیے بھی نہیں اور وہ دو سو ۲۰۰ درم کے ہیں تو اسے زکاۃ نہیں دے سکتے۔

(بہارشریعت ج1 ص 929 مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

Date: 20-6-2018

QASIM

**Are orphans and widows eligible for Zakāh?**

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله

**QUESTION:**

**What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: Are orphans and widows eligible for Zakāh - can it be given to them?**

Questioner: Zahidah from England

**ANSWER:**

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَهاب اللهم هدايۃَ الحَق والصواب

If the relevant orphan or widow is poor as defined by Sharī'ah, then they are eligible for Zakāh, because anyone who is poor as per Sharī'ah is eligible for Zakāh, and a poor person in the eyes of Sharī'ah is any such person who does not possess wealth equaling to the threshold i.e. 52.5 Tolas (~612.35 g) of silver or its monetary value, excluding any debt and basic needs, nor does such person possess anything, excluding their basic needs, which equals the aforementioned threshold. For example, an extra house other than the one such person is living in, or any land which is not being used for one's own personal need.

QASIM

Just as it is stated in Tanwīr al-Absār ma' Durr Mukhtār,

**"هُوَ فَقِيرٌ، وَهُوَ مَنْ لَهُ أَدْنَى شَيْءٍ أَيْ دُونَ نِصَابٍ أَوْ قَدْرُ نِصَابٍ غَيْرِ نَامٍ مُسْتَغْرِقٍ فِي الْحَاجَةِ"**

"A poor person [as defined by Sharī'ah] is he who has a minor amount of wealth i.e. less than the threshold, or equal to the threshold but [such wealth] does not have the potential or capability to increase - which is excluding one's basic needs i.e. that which is used for one's basic needs."

[Tanwīr al-Absār ma' Durr Mukhtār, vol 2, pg 339]

People are usually inclined towards giving Zakāh to widows, although they do not check whether the relevant widow is poor or not according to Sharī'ah, because sometimes a widow owns a certain amount of gold - from which if there is even one Tola [~11.66 g] above her basic needs, then such a widow will be regarded as well off, because nowadays 1 Tola of gold is worth more than 52.5 Tolas [~613.35 g] of silver. Thus, in such case, offering her Zakāh will not deem it fulfilled, because

this widow is well off, and only a poor person as defined by Sharī’ah is eligible for Zakāh.

Hence, it is stated in the Holy Qur’ān by Allāh Almighty,

{إِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ}

{Zakāh is only for those people who are poor and the strictly needy}

[Sūrah al-Tawbah, 60]

Furthermore, it is stated in Bahār-e-Sharī’at - referencing Radd al-Muhtār - threshold here refers to the value of those items that should be equal to two hundred dirhams (i.e. the current standard threshold), even though by itself it may not be so much that Zakāh is wājib on it. For example, if six Tolas of gold is equal to the value of two hundred dirhams, then the one who has this, even though Zakāh is not wājib upon him, because the threshold of gold is seven and a half Tolas, but that person cannot be given Zakāh. Alternatively, in the case where a person has thirty goats or twenty cows, which add up to the value of two hundred dirhams, then such person cannot be given Zakāh, even though Zakāh is not wājib on him. Also, if he has more goods than his need, which are also not for trade purpose, but they are equal to two hundred dirhams (i.e. threshold amount), then he also cannot be given Zakāh.

[Bahār-e-Sharī’at, vol 1, part 5, pg 929]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri**
Translated by Haider Ali

QASIM